عَلَى الْأَكَامِ وَ الظِّرَابِ وَ بُطُوْنِ

ٹیلوں اور پہاڑیوں پر ، وادیوں کے شکم اور

الْأَوْدِيَةِ وَ مَنَابِتِ الشَّجَرِ (1)

درخت اُگنے کی جگہوں پر (بارش برسا)۔

چاند دیکھنے کی دُعاء

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ عَلَيْنَا

اللہ سب سے بڑا ہے۔ اے اللہ! تو اسے ہم پر

بِالْأَمْنِ وَالْإِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ

طلوع فرما امن ، ایمان اور سلامتی والا،

وَالْإِسْلَامِ وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ

اسلام اور اس چیز کی توفیق کے ساتھ جو تیرے ہاں

---

(1) بخاری: ۲۲۴/۱، مسلم: ۶۱٤/۲

رَبُّنَا وَ تَرْضٰى رَبُّنَا وَ رَبُّكَ اللّٰهُ [1]

محبوب اور پسندیدہ ہے اے ہمارے رب۔ (اے چاند!) ہمارا اور تمہارا رب اللہ ہے۔

روزہ افطار کرنے کے وقت کی دُعائیں

ذَهَبَ الظَّمَاُ وَ ابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَ

پیاس بجھ گئی رگیں تر ہوگئیں اور

ثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ [2]

اجر ثابت ہو گیا۔ اِن شاء اللہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ

الٰہی! مَیں تجھ سے تیری اُس رحمت کے ذریعے درخواست کرتا ہوں جو

[3] الَّتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ اَنْ تَغْفِرَلِیْ

ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے، کہ تو مجھے معاف فرما دے۔

---

[1] ترمذی: ۵/۵۰۴، دارمی الفاظ دارمی کے ہیں: ۱/۳۳۶ اور دیکھئے صحیح ترمذی: ۳/۱۵۷

[2] ابو داود: ۲/۳۰۶ اور دیکھئے صحیح الجامع: ۴/۲۰۹